## سوال

سفر کی قصر کہاں سے شروع ہوتی ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سفر کی قصر کہاں سے شروع ہوتی ہے ۔ فتاویٰ ثنائیہ میں کم از کم ۴۸ میل پر شروع ہوتی ہے مگر بعض احادیث تین فرسخ پر دال ہیں ۔ (مشکوۃ وغیرہ) ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

۴۸ میل والی کوئی روایت بھی رسول اللہ ﷺ سے ثابت نہیں جبکہ تین فرسخ والی حدیث صحیح مسلم میں موجود ہے ۔

«كَانَ رَسُوْلُ ا ﷺ إِذَا خَرَجَ مَسِيْرَةَ ثَلَاثَةِ أَمْيَالٍ أَوْ ثَلَاثَةِ فَرَاسِخَ شُعْبَةُ الشَّاكُّ صَلّٰى رَكْعَتَيْنِ» (كتاب صلاة المسافرين باب صلاة المسافرين وقصرها صحيح مسلم)

جب رسول اللہ ﷺ تین میل یا تین فرسخ نکلتے شعبہ کو اس میں شک ہے تو دو رکعت پڑھتے ۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

احکام ومسائل

نماز کا بیان ج1ص232